# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹ مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ دہشت گردی کو مکمل طور پر ختم کیا جائے گا؛ ممبئی کے ایک پروگرام میں نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کا بیان۔

☆ 2025-26 کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے مرکزی کابینہ نے خریف کی 14 فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت بڑھانے کا کیا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کی پانی فراہمی کی اسکیم کو اکتوبر کے آخر تک نافذ کرنے کے وزیرِ اعلیٰ کے احکامات۔

☆ تلجاپور سمیت مختلف مندروں کیلئے تین ہزار کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبوں کو انتظامی منظوری۔

اور۔۔۔☆ ملک بھر میں آج سے ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم؛ زرعی سائنس مراکز کی جانب سے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور اسے مکمل طور پر تباہ کردیا جائے گا۔ وہ کل ممبئی کے گوونڈی میں انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف پاپولیشن سائنسیز کے 65 و66 ویں جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ جنگ کی تیاری ہی امن کی ضمانت ہے۔ دھنکھڑ نے کہا کہ آبادی، جمہوریت اور تنوع نئے بھارت کے تین ستون ہیں اور آبادی کا مطالعہ کرنے والے طلبہ اعداد و شمار اور پالیسی سازی کے درمیان ایک کڑی کا کام کرتے ہیں اور وہ ان تین ستونوں کے مرکز میں کھڑے ہیں۔ دنیا کے سب سے زیادہ آبادی والے ملک بھارت میں ڈیموگرافی کی تحقیق صرف نصاب تک ہی محدود نہیں ہونی چاہیے۔

***** ***** *****

اقتصادی اُمور کی کابینہ کمیٹی نے 2025-26 کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے خریف کی 14 فصلوں کی کم از کم امدادی قیمتوں میں اضافے کو منظوری دے دی ہے۔ مرکزی وزیرِ اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے کابینہ کی میٹنگ کے بعد یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ MSP میں اضافہ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا کہ کسانوں کو ان کی پیداوار کی مناسب قیمت ملے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: ASHVINI VAISHNAV**

اس میں اَلسی کیلئے 820 روپئے فی کوئنٹل، ناچنی 596 روپئے، کپاس کیلئے 589 روپئے اور تل کیلئے 579 روپئے فی کوئنٹل مقرر کی گیا ہے۔ مرکزی کابینہ نے مہاراشٹر اور مدھیہ پردیش میں دو ملٹی ٹریکنگ منصوبوں کو بھی منظوری دی ہے تاکہ ریل مسافروں اور سامان کی بغیر کسی رکاوٹ اور تیز رفتار نقل و حرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس منصوبے میں دلّی، چنئی ریلوے لائن پر وردھا تا بلارشاہ کے درمیان چوتھی لائن شامل ہے۔ ویشنو نے کہا کہ ان دو منصوبوں کی وجہ سے بھارتی ریلوے کا جال تقریباً 176 کلومیٹر تک بڑھے گا۔

اجلاس میں کسان کریڈٹ کارڈ اسکیم کے تحت سود پر سبسڈی جاری رکھنے کا بھی فیصلہ کیا گیا جو کسانوں کو سستی شرح سود پر قرض فراہم کرتی ہے۔ اس سے سات کروڑ 71 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے احکامات دیئے ہیں کہ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کی پانی فراہمی اسکیم کے تمام تکنیکی پہلوؤں کو مکمل کرنے کے بعد اکتوبر کے آخر تک نافذ کیا جائے۔ وہ کل اس ضمن میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیرِ اعلیٰ نے یہ تجاویز پیش کیں کہ تمام ایجنسیوں کو آپس میں مل کر کام کرنا چاہیے تاکہ اس اسکیم کے تحت زیرِ التواء تمام کاموں کو فوری طور پر مکمل کیا جا سکے اور میونسپل کمشنر خود کام کرتے ہوئے ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل حل کریں۔

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے خبردار کیا کہ اس اسکیم کا 26 ایم ایل ڈی واٹر سپلائی مرحلہ جون کے آخر تک مکمل کر لیا جائے۔ پائپ لائن بچھانے کا کام 15 جون کے بعد بند کر دیا جائے اور اس کام میں کسی قسم کی رُکاوٹ کو روکنے کیلئے میونسپل کارپوریشن کو فوری طور پر 822 کروڑ روپئے کا قرض فنڈ جمع کرنے کی منظوری دی جائے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ٹھیکیدار نے وقت پر کام مکمل نہیں کیا تو اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

***** ***** *****

دریں اثناء، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس آج پربھنی ضلعے کے دورے پر ہیں اور وہ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے جلسۂ تقسیمِ اسناد میں شرکت کریں گے۔ پربھنی ضلع کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد و افتتاح کریں گے اور جلسۂ عام سے خطاب بھی کریں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں مختلف مندروں کی ترقی کیلئے تقریباً تین ہزار کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبوں کو انتظامی منظوری مل گئی ہے اور اس سلسلے میں حکومتی فیصلے کل محکمہ منصوبہ بندی نے جاری کیا۔ اس میں تلجا بھوانی مندر کی ترقی کیلئے ایک ہزار 865 کروڑ روپئے کے ترقیاتی کام، چونڈی کے اہلیا دیوی ہولکر میموریئل کی ترقی کیلئے 681 کروڑ، کولہاپور کی جیوتی با مندر کی ترقی کیلئے 259 کروڑ، اَشٹ وِنایک مندر کی ترقی کیلئے 148 کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبے شامل ہیں۔ ان ترقیاتی منصوبوں کی وجہ سے ان مندروں اور ان کے عقیدت مندوں، سیاحوں کو بنیادی سہولیات فراہم ہوں گی۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین ظاہر کیا کہ اسٹیٹ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کی اسمارٹ بسیں AI ٹکنالوجی پر مبنی حفاظتی نظام سے لیس ہوں گی، اس لیے یہ نئی بسیں سفر کیلئے زیادہ محفوظ ہوں گی۔ وہ کل تھانے اور ناگپور کے درمیان ایس ٹی کارپوریشن کی جانب سے چلائی جانے والی اسمارٹ بس میں نصب AI حفاظتی نظام کا معائنہ کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ اس نظام کے تحت ڈرائیور کے ڈرائیونگ انداز سے لیکر بس میں بیٹھے مسافروں کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والے سی سی ٹی وی کیمرے، وائی فائی، LED اسکرین، GPS سسٹم سمیت فوم پر مبنی آگ سے بچاؤ کے نظام بھی نصب کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

آزادی پسند ونایک دامودر ساورکر کا 142 واں یومِ پیدائش ہر جگہ منایا گیا۔ مختلف پارٹی تنظیموں نے چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے سمرتھ نگر میں ساورکر کے مجسّمے کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ دھاراشیو شہر میں جیوستو پرتشٹھان نے چھترپتی شیواجی مہاراج چوک میں ساورکر کے مجسّمے کی پوجا کر کے خراجِ عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

آج سے پورے ملک میں ایڈوانسڈ زرعی مہم نافذ کی جائے گی۔اس مہم کے ذریعے چھترپتی سمبھاجی نگرضلعے کے 90 گاؤں کے کسانوں کوزرعی ٹکنالوجی،خریف کی فصلوں ٔ زرعی آلات اور نئے تیار کردہ زرعی تحقیق اور منصوبوں کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں گی۔زرعی سائنس مرکز کی ڈاکٹر دِپتی پاڑگاؤنکرنے کسانوں سےاس مہم کازیادہ سےزیادہ فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ میں عین خریف سیزن کے موقع پرمحکمہ زراعت نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 320 میٹرک ٹن ممنوعہ فاسفورس جپسم کھادضبط کی،جس کی مالیت 20 لاکھ روپئے ہے۔محکمہ ٔ زراعت کے دستے نےکل جالنہ۔راجورشاہراہ پرواقع غنڈےواڑی شیوار میں کرشنا فاس کےایم لمیٹڈ کےکرایہ پر لیے ہوئے گودام پرچھاپہ مارکر یہ کارروائی انجام دی۔اس معاملے میں کمپنی کے ذمہ دارشخص کےساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کےخلاف مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

بھارتی افواج کوآپریشن سندور میں ملی تاریخی فتح پرخوشی کااظہار کرنے اورکسانوں کےمختلف مسائل کی طرف توجہ مبذول کروانے کیلئے،کانگریس پارٹی کی جانب سےکل ناندیڑمیں ’’جئے جوان جئے کسان‘‘ ترنگامہار یلی نکالی گئی۔اس موقع پرریاستی صدر ہرش وردھن سپکال سمیت پارٹی عہدیداران، کارکنان اورشہریان بڑی تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے پاتھری ڈپوکوریاستی روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن سے 14 نئی بسیں موصول ہوئی ہیں،رکنِ اسمبلی راجیش وِٹیکر کے ہاتھوں کل ان بسوں کی رُونمائی کی گئی۔پاتھری ڈپو میں بسوں کی مجموعی تعداد اب 74 ہوگئی ہے،اوران بسوں سے روزانہ تقریباً 25 ہزار کلومیٹر مسافت کی سفری خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔وِٹیکرنے بتایا کہ نئی بسوں سے مسافروں کومزید خدمات فراہم کرنے میں مدد ہوگی۔

***** ***** *****

لاتورضلع میں قبل از مانسون بارش سے کئی علاقوں میں زرعی اور مالی نقصانات ہوئے ہیں۔ان حالات میں شہریوں کی مدد کیلئے تمام سرکاری محکمہ جات کو باہمی تال میل سے کام کرنے کی ہدایت ضلعے کے رابطہ وزیرشیویندرسنگھ راجے بھوسلے نے دی ہے۔وہ گزشتہ روز ضلعے میں بارش سے ہوئے نقصانات کاجائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس سےخطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کے بدناپور میں شدید بارش سے ہوئے نقصان کاکل رُکنِ اسمبلی نارائن کوچے اورضلع کلکٹرڈاکٹرشری کرشنا پانچاڑ نے معائنہ کیا۔اس موقعے پرانھوں نے متاثرہ کسانوں کودلاسہ دیتے ہوئے فی الفورنقصانات کے پنچنامے کرنے کےاحکامات دیئے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ دہشت گردی کو مکمل طور پر ختم کیا جائے گا؛ ممبئی کے ایک پروگرام میں نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کا بیان۔

☆ 2025-26 کے مارکیٹنگ سیزن کیلئے مرکزی کابینہ نے خریف کی 14 فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت بڑھانے کا کیا فیصلہ۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کی پانی فراہمی کی اسکیم کو اکتوبر کے آخر تک نافذ کرنے کے وزیرِ اعلیٰ کے احکامات۔

☆ تلجا پور سمیت مختلف مندروں کیلئے تین ہزار کروڑ روپئے کے ترقیاتی منصوبوں کو انتظامی منظوری۔

اور۔۔۔☆ ملک بھر میں آج سے ترقی یافتہ زرعی سنکلپ مہم؛ زرعی سائنس مراکز کی جانب سے مختلف پروگراموں کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****